مغلوب الغضب ہو کر اپنے بھائی کی ریش پکڑ کر کھینچنے کا واقعہ اگر قرآن کی بجائے حدیث میں بیان ہوتا تو منکرین حدیث اس واقعہ کا سرے سے ہی انکار کر دیتے اور دلیل یہ دیتے کہ یہ واقعہ اخلاق نبوتی کے معیار پر پورا نہیں اترتا۔ جناب خالد علوی صاحب نے اپنی اس کتاب میں بڑی محنت اور عرق ریزی سے علوم حدیث کی اہمیت، تاریخ اور تدوین پر مستند مواد اکٹھا کر کے ایک دلچسپ پیرائے میں حفاظت حدیث کے مقدس فریضہ کو سرانجام دیا ہے اور اس تصنیف میں تحقیق و تدقیق کا ایک بلند معیار پیش کیا ہے۔ امید ہے یہ کتاب علمی حلقوں میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھی جائے گی۔ طباعت معیاری ہے۔

۳۔ فلسفۂ اقبال کا مطالعہ

مصنف ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ بشیر احمد ڈار

صفحات ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۳۲۹

سائز ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۲۲ × ۳۲ / ۱۶

قیمت ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ درج نہیں ہے۔

ناشر ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ شیخ غلام علی اینڈ سنز چوک انار کلی لاہور

اقبالیات کے سلسلے میں جناب بشیر احمد ڈار صاحب کا نام اور علمی مقام محتاج تعارف نہیں۔ اس وقت تک اس موضوع پر آپ کے قلم سے متعدد تصانیف شائع ہو کر شائقین اقبال سے خراج تحسین وصول کر چکی ہیں بلکہ ان کی بعض تصانیف کی شہرت ملکی حدود سے باہر بھی پھیل چکی ہے۔ چنانچہ میسرز میکملن اینڈ کمپنی نیویارک کی شائع کردہ انسائیکلوپیڈیا آف فلاسفی میں آپ کے قلم سے اقبال پر ایک مضمون شامل ہے۔ زیر نظر کتاب کا یہ تیسرا ایڈیشن ہے جو ۱۹۷۱ء میں شائع ہوا، جب کہ اس کا دوسرا ایڈیشن ۱۹۴۷ء کے فسادات میں جل کر ضائع ہو گیا تھا۔ انگریزی زبان میں اقبال کے نظام افکار کو سمجھنے کے لئے یہ کتاب اپنی جگہ پر ایک خود مکتفی اور بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ کتاب کے ابواب اقبال کے نظریۂ حق، اقبال کے پیشرو، اقبال کا نظریۂ خودی اور اقبال کا نظریۂ معاشرہ پر مشتمل ہیں جن میں اقبال کے بنیادی خیالات بڑی جامعیت کے ساتھ سمو دیئے گئے ہیں۔ کتاب کی طباعت دیدہ زیب، کاغذ عمدہ اور سرورق سادہ و پرکار ہے۔ (ادارہ)